# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

کلیه عربی وعلوم اسلامیه

## شعبہ قرآن و تفسیر

## وارننگ

عزیز طلبہ ! آپ یہ بات ذہن نشین کر لیں کہ:

1۔ اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سر ٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔

2۔ کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری "Plagiarism پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

**کورس کا نام: علم تفسیر اور اس کا ارتقاء (ا) (4615)** **سمسٹر: بہار، 2026ء**

**سطح: ایم اے علوم اسلامیہ (تخصص قرآن و تفسیر)**

## ہدایت نامہ برائے طلباء

### ایم اے علوم اسلامیہ (ODL موڈ)

**عزیز طلبہ ! السلام علیکم**

برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے۔

1۔ تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

2۔ سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔

3۔ ہاتھ سے تحریر شدہ یا سکین (scanned) کی گئی امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی۔

4۔ ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (word یا PDF فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اَپ لوڈ کیجیے۔

5۔ مقررہ تاریخ کے بعد / تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپ لوڈ نہ ہو سکیں گی جس کی تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہو گی۔

6۔ آپ کے تجزیاتی اور نظریاتی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

7۔ غیر متعلقہ بحث / معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

# امتحانی مشق نمبر 1
## (یونٹ نمبر 1-5)

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:40

سوال نمبر 1۔ تفسیر کا مفہوم بیان کرتے ہوئے ترجمہ کا مفہوم اور اس کی اقسام تحریر کیجئے نیز لفظی و بامحاورہ ترجمہ میں فرق بیان کیجئے۔ (20)

سوال نمبر 2۔ تفسیر بالماثور کا مفہوم بیان کیجئے نیز تفسیر بالماثور کی نقل میں ضعف کے اسباب تحریر کیجئے۔ (20)

سوال نمبر 3۔ ایک مفسر کے لیے علماء نے شرائط کے طور پر کن کن علوم اور اوصاف کو ضروری قرار دیا ہے؟ واضح کیجئے۔ (20)

سوال نمبر 4۔ اسرائیلیات سے کیا مراد ہے؟ علماء نے ان کی کتنی اقسام بیان کی ہیں اور ہر قسم کا کیا حکم ہے؟ (20)

سوال نمبر 5۔ خوارج کے افکار و معتقدات، خصائص اور تفسیر قرآن کے متعلق ان کے موقف کو بیان کیجئے (20)

# امتحانی مشق نمبر 2
## (یونٹ نمبر 6-9)

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:40

سوال نمبر 1۔ امام ابن تیمیہ رحمہ اللہ کا تعارف کراتے ہوئے ان کی قرآنی بصیرت بیان کیجئے۔ (20)

سوال نمبر 2۔ امام طبرسی اور ان کی تفسیر مجمع البیان کا تعارف کرائیے اور اس کا اسلوب بیان کریں نیز امام طبرسی کے عقائد زیر بحث لائیے۔ (20)

سوال نمبر 3۔ امام نسفیؒ اور ان کی تفسیر مدارک التنزیل وحقائق التاویل کا تعارف لکھئے اور اس کے اسلوب و خصوصیات کو قلمبند کریں۔ (20)

سوال نمبر 4۔ امام ثعلبی اور ان کی تفسیر الکشف البیان کا تعارف کرائیے؟ (20)

سوال نمبر 5۔ امام ابو محمد حسن عسکریؒ کے حالات زندگی بیان کرتے ہوئے ان کی تفسیر کا جامع تعارف اور خصوصیات تحریر کیجئے۔ (20)